Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 29 October-2026

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹/اکتوبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ قانون ساز کونسل انتخابات میں مہاوِکاس آگھاڑی اور مہایوتی کی فی کس دو دو نشستوں پر جیت؛ اورنگ آباد گریجویٹ انتخابی حلقے میں ڈاکٹر پرتاپ سنہہ پاٹل کی فتح۔

☆ قحط سے متاثرہ تعلقہ جات میں امدادِ باہمی اداروں کے انتخابات ملتوی کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مرکزی حکومت کے ملازمین اور وظیفہ یابان کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد کا اضافہ۔

☆ ملک گیر سطح کی ''تمباکو سے پاک نوجوان'' مہم کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ خواتین کی کرکٹ میں بھارت کی T-20 سیریز میں زمبابوے پر فتح؛ جبکہ ابھیشیک شرما مردوں کی بین الاقوامی T20 رینکنگ میں سرفہرست مقام پر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاستی قانون ساز کونسل کے پونے، ناگپور، اورنگ آباد گریجویٹ حلقوں اور پونے و امراوتی اساتذہ حلقوں کے انتخابات میں حکمراں مہایوتی نے دو اور مہاوکاس اگھاڑی نے دو نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ ناگپور ڈویژن گریجویٹ حلقے میں مہاوکاس آگھاڑی کے ابھجیت وَنجاری کو برتری حاصل ہے، اور اب تک حتمی نتائج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ڈاکٹر پرتاپ سنہہ پاٹل نے اورنگ آباد ڈویژن گریجویٹ حلقے سے 18 ہزار 124 ووٹوں سے جیت حاصل کی۔ انہوں نے مہایوتی کے راشٹروادی کانگریس کے امیدوار ستیش چوہان کو شکست دی۔ پرتاپ سنہہ پاٹل کو 85 ہزار 876 ووٹ، جبکہ ستیش چوہان کو 67 ہزار 752 ووٹ حاصل ہوئے۔ ووٹوں کی گنتی تقریباً 45 گھنٹے سے زائد وقت تک جاری رہی۔ 39 امیدواروں کے اخراج کے بعد آج علی الصبح حتمی نتائج کا اعلان کیا گیا۔ اس کے بعد الیکشن فیصلہ افسر جی شری کانت کے ہاتھوں پرتاپ سنہہ پاٹل کو جیت کا صداقت نامہ تفویض کیا گیا۔

مہایوتی کے کِرن سرنائیک نے امراوتی ڈویژن اساتذہ حلقے سے، راشٹروادی کانگریس پارٹی کی ہرشدا دیشمکھ۔جادھو نے پونے ڈویژن گریجویٹ حلقے اور بی جے پی کے کوستبھ گاوَڑے نے پونے ڈویژن اساتذہ حلقے سے کامیابی حاصل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ریاست کے خشک سالی سے متاثرہ تعلقہ جات میں تمام امدادِ باہمی اداروں کے انتخابات ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امدادِ باہمی محکمے نے اس سلسلے میں ایک سرکاری اعلامیہ جاری کیا۔ تاہم اس اعلامیے کی اجرائی سے قبل جن اداروں کے انتخابات کیلئے درخواستیں جمع کرانے کا عمل شروع ہو چکا ہے، ساتھ ہی جن اداروں کے انتخابات کرانے کے عدالتی احکامات موجود ہیں، انھیں اس فیصلے سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے مرکزی حکومت کے ملازمین اور وظیفہ یابان کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد اضافے کو منظوری دے دی ہے۔ یہ اضافہ سابقہ اثر کے ساتھ یکم جولائی 2026 سے نافذ العمل ہوگا۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کل نئی دہلی میں صحیفہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔

مرکزی کابینہ نے گھریلو پیداوار کو فروغ دینے کیلئے کنٹینر فروغِ پیداوار سازی اسکیم کو بھی منظوری دی ہے۔ مالی سال 40-2039 تک 13 سال کی میعاد کی اس اسکیم کیلئے کُل دس ہزار کروڑ روپئے کی فراہمی کو بھی منظوری دی گئی۔

کھیلو انڈیا آلاتِ کھیل سازی اسکیم اور وزیرِ اعظم دیہی ترقیاتی اسکیم کو بھی کل مرکزی حکومت کی اسکیمات کے طور پر منظوری دی گئی۔ یہ اسکیم تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں پر لاگو ہوگی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ مملکت برائے صحت وخاندانی بہبود پرتاپ راؤ جادھو نے نئی دہلی میں 'تمباکو سے پاک نوجوان مہم' کے چوتھے مرحلے کا آغاز کیا۔ یہ 60 روزہ ملک گیر مہم وزارتِ صحت اور خاندانی بہبود کی معرفت چلائی جارہی ہے۔ جس کے بنیادی مقاصد نوجوانوں کو تمباکو کے استعمال سے روکنا، تمباکو نوشی چھوڑنے کی ترغیب دینا، انسدادِ تمباکو کو قوانین کے مؤثر نفاذ اور تمباکو سے پاک ماحول بنانا ہے۔ مہم کے پچھلے تین مراحل میں ساڑھے چھ لاکھ سے زائد تعلیمی اداروں اور 73 ہزار دیہاتوں کو تمباکو سے پاک قرار دیا جاچکا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے 'گیان جیوتی ساوتری بائی پھلے آدھار' اسکیم کے تحت درجِ فہرست ذاتوں اور درجِ فہرست قبائل کے اہل طلبہ کو فراہم کیے جانے والے مالی فوائد میں اضافہ کیا ہے۔ اس حوالے سے سرکاری حکمنامہ کل جاری کیا گیا۔ اس کے مطابق ممبئی شہر اور مضافاتی علاقوں، نئی ممبئی، تھانے، پونے، پمپری چنچوڑ اور ناگپور میں پڑھنے والے طلباء کو 80 ہزار روپے، دیگر محصول ڈویژن کے شہروں اور بقیہ ''سی'' درجے کے میونسپل علاقوں کے طلباء کو 68 ہزار روپے، دیگر اضلاع کے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلباء اور میونسپل حدود کے اندرونِ پانچ کلومیٹر تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو 57 ہزار روپے، جبکہ تعلقہ جاتی سطح کے طلبہ کو 50 ہزار روپئے ملیں گے۔ اس رقم میں کھانا، رہائش اور گزارہ بھتہ شامل ہے۔ اس کے علاوہ، ریاستی حکومت نے میڈیکل اور انجینئرنگ زمرے کے اہل طلبہ کو تعلیمی اشیاء کیلئے سالانہ آٹھ ہزار روپے اور دیگر نصاب کورسیز کے طلبہ کو چار ہزار روپے سالانہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مہاڈی بی ٹی دو، آپلے سرکار دو، اور میتری پورٹلز سمیت مصنوعی ذہانت کے محفوظ پلیٹ فارم ''مہا انڈس'' پر نئی خدمات کل سے شروع کردی گئیں۔ مجموعی طور پر 36 نئی اسکیمات میں محکمہ ماہی پروری کی 24، محکمہ محنت کی 10، اور محکمہ بہبودِ خواتین واطفال کی دو اسکیمات کو ''مہاڈی بی ٹی دو'' پر کل وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی صدارت میں ممبئی میں مہا سارتھی پورٹل کے جائزاتی اجلاس میں شروع کیا گیا۔ ''آپلے سرکار دو'' پورٹل پر محکمہ ٹرانسپورٹ کی 61 خدمات سمیت مختلف محکمہ جات کی کُل 71 خدمات شروع کی گئیں۔ اس کے علاوہ ''میتری'' پورٹل پر لیگل میٹرولوجی ڈپارٹمنٹ کی 13 نئی خدمات بھی شامل کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کے 30 اضلاع سے 31 اگست تا 26 اکتوبر کے درمیان فہرست رائے دہندگان میں نام اندراج، ووٹر لسٹ میں درج تفصیلات کی تصحیح اور ناموں پر اعتراضات سے متعلق تقریباً 19 لاکھ 60 ہزار 258 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ انتخابی کمیشن کے فراہم کردہ اعداد وشمار کے مطابق نئے رائے دہندگان کے اندراج کیلئے فارم 6 کے تحت 12 لاکھ 70 ہزار 898 درخواستیں موصول ہوئیں۔ جبکہ رہائشی پتے میں تبدیلی کے فارم 8 کے تحت چھ لاکھ 21 ہزار 277 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ اسی طرح فہرست رائے دہندگان میں نام شامل یا حذف کرنے پر اعتراضات کے طور پر فارم 7 کے تحت 68 ہزار 83 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

بزرگ صحافی اور سیاسی تجزیہ نگار پرتاپ آسبے مختصر علالت کے بعد کل ممبئی میں انتقال کرگئے۔ وہ مہاراشٹر ٹائمز اخبار میں طویل عرصے سے بطورِ صحافی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کے جسدِ خاکی پر آخری رسومات آج ممبئی میں ادا کی جائیں گی۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور مختلف شخصیات نے آسبے کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

***** ***** *****

پانی فراہمی اور اُمورِ صفائی کے ریاستی وزیر گلاب راؤ پاٹل نے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ اور سوئیگاؤں تعلقہ جات میں پانی کی فراہمی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر اور فی الفور مکمل کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔ وہ کل منترالیہ میں ایک جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔ اس موقع پر سلوڑ تعلقہ کے 107 دیہاتوں میں گریڈ اسکیم اور سوئیگاؤں تعلقے کے فرداپور میں ترمیم شدہ آبرسانی منصوبے کا بھی جائزہ لیا گیا۔

***** ***** *****

کرانتی کاری شیتکری سنگھٹنا کے بانی صدر روی کانت تُپکر نے ریاست میں خشک سالی کی صورتحال کے پیشِ نظر کسانوں کے مکمل قرض معاف کرنے اور باقاعدگی سے قرض ادا کرنے والے کاشتکاروں کو دو لاکھ روپئے تک ترغیبی امداد دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ کل لاتور میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ تُپکر نے خشک سالی سے متاثرہ کسانوں کو فی ہیکٹر ایک لاکھ روپئے کی مالی امداد دینے کا بھی مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

خواتین کی کرکٹ میں، بھارت نے کل وڈودرا میں تیسرے اور آخری ایک روزہ میچ میں زمبابوے کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے زمبابوے کی پوری ٹیم چالیسویں اوور میں 131 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ جبکہ بھارتی ٹیم نے یہ ہدف 17 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ بھارت نے یہ سیریز صفر تین سے جیت لی ہے۔

***** ***** *****

جالندھر میں جاری مردوں کے نویں ایشیائی ہاکی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں بھارت نے بنگلہ دیش کو 0-13 سے ہرادیا۔ بھارتی ٹیم کا اگلا مقابلہ آج چین کے خلاف ہوگا۔

***** ***** *****

بھارت کے سلامی بلّے باز ابھشیک شرما نے بلّے باز ایشان کشن کو پیچھے چھوڑ کر بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ رینکنگ میں سرِفہرست مقام حاصل کرلیا ہے۔ ابھشیک شرما نے نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں 38 گیندوں پر 113 رنز بنا کر بھارت کو فتح دلائی تھی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ قانون ساز کونسل انتخابات میں مہاوِکاس آگھاڑی اور مہایوتی کی فی کس دو دو نشستوں پر جیت؛ اورنگ آباد گریجویٹ انتخابی حلقے میں ڈاکٹر پرتاپ سنہہ پاٹل کی فتح۔

☆ قحط سے متاثرہ تعلقہ جات میں امدادِ باہمی اداروں کے انتخابات ملتوی کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مرکزی حکومت کے ملازمین اور وظیفہ یابان کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد کا اضافہ۔

☆ ملک گیر سطح کی ''تمبا کو سے پاک نوجوان'' مہم کا آغاز۔

اور۔۔☆ خواتین کی کرکٹ میں بھارت کی T-20 سیریز میں زمبابوے پر فتح؛ جبکہ ابھیشیک شرما مردوں کی بین الاقوامی T20 رینکنگ میں سرفہرست مقام پر۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****